بسم اللہ الرحمن الرحیم

# لڑکی کا نام "مہر ماہ" رکھنا کیسا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا لڑکی کا نام "مہر ماہ" رکھ سکتے ہیں؟

## جواب

مہر ماہ نام رکھنا جائز ہے، البتہ! بہتر یہ ہے کہ بچی کا نام نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات، بیٹیوں، صحابیات رضی اللہ تعالی عنہن اور نیک خواتین کے نام پر رکھا جائے کہ حدیث پاک میں اچھے لوگوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے، نیز امید ہے کہ ان بزرگ ہستیوں کی برکت بچی کے شامل حال ہوگی۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا فرحان احمد عطاری مدنی

فتویٰ نمبر: Web-2623

تاریخ اجرا: 19 جمادی الاولیٰ 1447ھ/11 نومبر 2025ء